TORONTO WARD BOUNDARY REVIEW
DRAW THE LINES

ٹورنٹو میں وارڈ کے سرحدوں پر نظرثانی
پہلے مرحلے کی عوامی مشاورت
مشاورت کا رہنما

اکتوبر **2014**

1. پہلے اسے پڑھیں

پس منظر کی معلومات

ٹورنٹو میں وارڈ کے سرحدوں پر نظرثانی کیوں کی جارہی ہے؟

ٹورنٹو میں وارڈ کے سرحدوں پر نظرثانی کا کام آزاد مشیروں کی ٹیم کے ذریعہ انجام دی جارہی ہے تاکہ ٹورنٹو سٹی کاؤنسل میں ٹورنٹو کے ہرفرد کی منصفانہ نمائندگی کو یقینی بنایا جاسکے۔ فی الحال ٹورنٹو شہر 44 وارڈوں میں تقسیم ہے جس کی آبادی تقریبا 45,000 اور 94,000 کے درمیان مختلف ہے۔ آبادی میں اضافہ اور نئی تعمیرات جیسے عوامل کے سبب، کچھ شہری وارڈوں کی آبادی اوسط شہری وارڈوں سے 30% سے 45% زیادہ ہیں (تقریبا 59,000)۔ لہذا، ٹورنٹو کے سٹی کاؤنسل میں ہر شہری کی مساوی طور پر نمائندگی نہیں ہورہی ہے۔

ٹورنٹو میں وارڈ کے سرحدوں پر نظرثانی کیا ہے؟

ٹورنٹو وارڈ کے سرحدوں پر نظرثانی میں ٹورنٹو کے وارڈوں کی جسامت اور شکل پر غور کیا جاتا ہے۔

اس نظرثانی کا بنیادی مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہر وارڈ میں افراد کی تعداد شہر میں دیگر وارڈوں کے برابر ہوں۔ یہ اس بات کو بھی ذہن میں رکھتا ہےکہ مفاد رکھنے والی جغرافیائی کمیونٹیز اور قریبی آبادی ، اہم طبعی اور قدرتی سرحدیں اور آبادی کے رجحانات جیسے عوامل کو بھی ملحوظ رکھتا ہے۔

ٹورنٹو میں وارڈ کے سرحد پر نظرثانی کا عمل درج ذیل چیزوں کا احاطہ نہیں کرتا ہے جیسے کہ: میونسپل گورنمنٹ کو کیسے منظم کیا جاتا ہے (جیسے، آیا اس میں سیاسی جماعتیں ہونی چاہئیں یا کمیونٹی کی مزید نمائندگی ہونی چاہیے)؛ لوگ کیسے ووٹ دیں؛ ووٹ کون دے (مثلا صرف کینیڈا کے شہری یا ٹورنٹو کے تمام باشندے)؛ کاؤنسلر کے کام کا معیار؛ یا شہر کے محکمے کس طرح کام کر رہے ہیں۔

نظرثانی کا عمل موجودہ وارڈ کی سرحدوں میں تبدیلیاں تجویز کرے گا۔ ٹورنٹو سٹی کاؤنسل اس پر حتمی فیصلہ کرے گی کہ آیا ان سفارشات کو قبول کرنا ہے یا نہیں اور وارڈ کے کسی نئے ڈھانچےکو لاگو کرنے کے لیے ضمنی قانون پاس کرے گی۔ نظرثانی کے نتیجے میں ہونے والی کوئی بھی تبدیلی 2018 میں ہونے والے میونسپل انتخابات میں لاگو ہو ں گی۔

ٹورنٹو کے وارڈوں کے بارے میں

ٹورنٹو کے وارڈز جسامت، آبادیاتی ساخت اور آبادی کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہیں۔ ہر وارڈ کے ووٹ دہندہ اپنے مقامی اور شہر بھر کے مسائل اور سٹی کاؤنسل میں اپنی مفادات کی نمائندگی کے لیے ایک کاؤنسلر منتخب کرتے ہیں۔ آپ کے وارڈ کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں: http://www.drawthelines.ca/wards

موجودہ وارڈ کے ڈھانچےکو 2000 میں تیار کیا گیا تھا۔ یہ عموما 22 وفاقی رائڈنگس (انتخابی اضلاع) پر مشتمل تھی جو ٹورنٹو کا احاطہ کرتی ہے۔ ہر رائڈنگ کو موجودہ 44 وارڈوں کے نظام کی تشکیل کے لیے بانٹ دیاگیا تھا۔

وارڈ کے سرحدوں کی تشخیص کے لیے معیار ات

ایسے کچھ عام طور پر قابل قبول معیارات ہیں جنہیں وارڈوں کے سرحدوں کی خاکہ بندی کرنے یا تعین میں زیر غور لایا جاتا ہے۔ وارڈ کے نظام کا کوئی بھی خاکہ پوری طرح ان سب کی تکمیل نہیں کرسکتا ہے؛ اس کے بجائے تجویز کردہ وارڈ کا خاکہ وہ ہوگا جو ان معیارات کی بہتر طور پر تکمیل کرتا ہو۔ سروے کے سوالات کو پرُ کرتے وقت اس معیارات کو زیر غور رکھیں۔

- آبادی کی جانب سے نمائندگی: ایک کامیاب وارڈ کے نظام میں، ہر کاؤنسلر عام طور پر ایک ہی تعداد میں لوگوں کی نمائندگی کریں گے۔ اسے اکثر 'رائے دہندہ کے مساوات' سے منسوب کیا جاتا ہے۔ عام طور پر، اوسط جسامت سے 25% زیادہ یا کم کی آبادی کے فرق کو قابل قبول تصور کیا جاتا ہے ۔

> قدرتی اور طبعی سرحدوں کی مثالیں:
>
> پہاڑیں، گھاٹیاں، ندیاں
>
> - انسانوں کے ذریعہ بنائی گئی سرحدیں جیسے کہ ہائی وے، ریلوے
> - سبز جگہیں جیسے پارکیں، پگ

- موجودہ اور مستقبل کے آبادی کے رجحانات پر غور: وارڈ کے سرحد پر نظرثانی کے عمل میں یہ یقینی بنانے کے لیے شہر کی ترقی ساتھ ہی مستقبل میں آبادی کے اضافہ یا کمی کو بھی ملحوظ رکھا جانا چاہیے کہ شہر کی ترقی کے ساتھ ساتھ وارڈز بدستور آبادی کی نمائندگی کے معیار کی تکمیل کریں۔ مقصد ایک ایسا نظام تیار کرنا ہے جسے 3 انتخابات تک استعمال کیا جاسکے۔ ۔ آبادی کے خاکے یہاں دستیاب ہیں: http://www.drawthelines.ca/wards

> مفاد والی کمیونٹی کی مثالیں:
>
> - مفاضات
> - وراثت کے تحفظ والے ضلعے
> - تجارتی فروغ کے علاقے
> - ثقافتی گروپس جو اسی علاقے میں رہتے ہوں

- قدرتی اور طبعی سرحدوں پر غور: قدرتی اور طبعی سرحدیں شہروں میں زندگی کے انداز کو متشکل کرتے ہیں، اور اس لیے وارڈ کے ڈیزائن کو ان خصوصیات کے اندر کام کرنا چاہئے۔
- مفاد رکھنے والی کمیونیٹیز: وارڈ کے سرحدوں کے لیے بسنے کی ترتیبات، روایتی مضافات اور ایک مخصوص جغرافیائی علاقے میں کمیونٹی کے گروپوں کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔ جہاں ممکن ہو، کمیونٹی کو وارڈ کے سرحدوں کے ذریعہ ٹکڑوں میں تقسیم نہیں کیا جانا چاہئے۔
- مؤثر نمائندگی: تمام وارڈ کی سرحد پر نظرثانی کا حتمی مقصد، مؤثر نمائندگی ممکنہ حد تک ووٹروں کے لیے منصفانہ اور مساوی نمائندگی کے حصول کو زیر غور لانا ہے۔ بنیادی خیال ووٹروں کی برابری ہے، لیکن مؤثر نمائندگی دیگر معیارات کو بھی ملحوظ رکھتی ہے۔

ٹورنٹو میں وارڈ کی سرحد پر نظرثانی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: www.drawthelines.ca

2. ایک سروے مکمل کریں

اس سروے کا مقصد باشندوں اور مستفیدین سے یہ پوچھنا ہے کہ وہ ٹورنٹو کے موجودہ وارڈ کی سرحدوں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ اس سروے کے سوالات 12 عوامی میٹنگوں میں پوچھے جائیں گے جوکہ دسمبر 2014 اور جنوری 2015 میں منعقد ہوں گی۔ آپ اس سروے کو آن لائن بھی پورا کرسکتے ہیں۔

ان سوالات سے حاصل تاثرات کو ٹورنٹو میں وارڈ کو متشکل کرنے کے لیے مختلف اختیارات کو فروغ دینے کے لیے معلومات حاصل ہوں گی۔ اختیارات تیار کرلینے کے بعد، دوسرے 'مرحلے' کی مشاورت مئی 2015 میں منعقد کی جائے گی۔ اس وقت، عوام اور مستفیدین کے پاس مجوزہ وارڈ کے سرحد کے اختیارات کے بارے میں اپنی رائے دینے کا موقع ہوگا۔

آپ کے جوابات جمع کرنے کے اختیارات:

1) آن لائن : اپنے جوابات سیدھے طور پر آن لائن سروے کے ذریعہ www.drawthelines.ca/survey پر پرُ کریں

2) اسے درج ذیل پتے پر بھیجیں: اپنے جوابات کو اس فارم میں پرُ کریں اور اسے ذیل کے پتے پر بھیج دیں:

a. بذریعہ ڈاک: (بنام: Toronto Ward Boundary Review; 555 Richmond St. W, PO Box 612, Suite 402, M5V 3B1)

b. بذریعہ فیکس (416.365.0650)

c. بذریعہ ای میل info@drawthelines.ca

3) عوامی میٹنگ میں شرکت کریں: تاریخ اور مقامات کے لیے www.drawthelines.ca/meetingdates پر جائیں۔

⇦یہاں سے شروع کریں

❑ میں نے پس منظر کی معلومات پڑھ لی ہیں۔

a) آپ کا وارڈ: ______________________

b) آپ کا کاؤنسلر: ____________________

اپنا وارڈ یا کاؤنسلر معلوم نہیں ہے؟ http://app.toronto.ca/wards/jsp/wards.jsp پر جائیں اور تلاش کرنے کے لیے اپنا پتہ

---

1. آپ کے وارڈ کے موجودہ حدبندیوں کے بارے میں آپ کے کوئی تشویشات ہیں؟

❑ہاں ❑نہیں

اگر ہاں، تو براہ کرم تفصیل سے بیان کریں:

2. " مفاد رکھنے والی کمیونیٹیز" مضافاتی علاقے ہیں یا مخصوص نسلی و ثقافتی گروہوں سے متعلق ہیں جو اسی علاقے میں رہتے ہیں۔ کیا آپ کے وارڈ کی سرحدیں کسی مفاد رکھنے والی کمیونیٹیز کو تقسیم کرتی ہیں؟

❑ہاں ❑نہیں

اگر ہاں، کون ہیں اور وہ کہاں رہ رہے ہیں:

3. موجودہ ٹورنٹو کے وارڈوں کی آبادی کا دائرہ تقریبا 45,000 اور 94,000 کے درمیان ہے۔ آپ کے خیال میں ٹورنٹو کے وارڈ کی آبادی کتنی ہونی چاہئے، تاکہ ایک کاؤنسلر مؤثر طریقے سے وارڈ کی نمائندگی کرسکے؟

4. 2031 تک ٹورنٹو کی آبادی میں 3.2 ملین افراد تک کے اضافے کی امید ہے۔ آپ کی رائے میں، ٹورنٹو کے لیے ایک اچھی نمائندگی کے حصول کے واسطے وارڈوں کی کل کتنی تعداد ہونی چاہئے؟

5. کیا ٹورنٹو کے وارڈ کی سرحدوں کی اہمیت صوبائی یا وفاقی رائڈنگس کے سرحدوں جیسی ہونی چاہیے؟

❑ہاں ❑نہیں

براہ کرم ہمیں بتائیں کہ کیوں؟

6. کیا آپ کا ٹورنٹو کے وارڈ کی سرحدوں کے بارے میں کوئی تبصرہ ہے؟ براہ کرم بیان کریں:

اپنی رائے دینے کے لیے وقت نکالنے کا شکریہ۔

یہ سروے گمنام ہے۔ تمام تبصرے سرکاری ریکارڈ کا حصہ ہوں گے اور یہ ٹورنٹو میں وارڈ کی سرحدوں پر نظرثانی کے عمل میں استعمال کئے جائیں گے۔
کوئی بھی سوالات پروجیکٹ مینیجر کو TWBR, Suite 402, P.O. Box 612, Toronto, Ontario یا 416-365-0816 ایکسٹنشن 223 پر بھیجا جاسکتا ہے۔

3. رابطے میں رہیں

اس سروے کے نتائج کا خلاصہ، TWBR پر اپ ڈیٹس اور کمیونیٹیز کی میٹنگوں کا نوٹس وصول کرنے کے لیے براہ کرم یہاں سائن اپ کریں http://www.drawthelines.ca/mailing-list-sign-up ۔

رابطے کی معلومات

- ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.drawthelines.ca
- Twitter پر @drawthelinesTO پر ہماری پیروی کریں
- ہمیں info@drawthelines.ca پر ای میل کریں